کنز الاطفال

بچوں اور بڑوں کے لیے اسلامی معلومات کا قیمتی خزانہ

فضیلۃ الشیخ ابو عبداللہ آصف محمود حفظہ اللہ

مکتبہ قدوسیہ

فہرست

پیش لفظ	5
ایمانیات	9
سیرت	23
عقیدہ ختم نبوت	35
قرآن کریم	56
تجوید	62
صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین	70
حدیث مبارکہ	75
علم اور اسکی فضیلت	78
انبیاء کرام علیہم السلام	80
طہارت	86
نماز	90
ارکان اسلام	111
روزہ	113
زکوٰۃ	117
حج	119
جہاد	122

maktabaquddusia.com

پیش لفظ

موجودہ دور اپنی بہت ساری حشر سامانیوں کے ساتھ والدین اور اولاد میں رابطے کا فقدان بھی لایا ہے۔ دفتری مصروفیات سوشل میڈیا اور الیکٹرونک میڈیا کے بہت زیادہ استعمال نے والدین کی طرف سے اولاد کی تربیت کے سلسلے میں ایسے خلا پیدا کر دیے ہیں جن کا بھرنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن نظر آتا ہے۔

دین اسلام میں بچوں کی تربیت کو بہت اہمیت دی گئی ہے۔ بچوں کی زندگی پر اس کے گھر کا ماحول مدرسہ اور معاشرہ سب سے زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔ والدین جو بچوں کی تربیت کے معاملے میں بہت اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ بچوں کے ساتھ وقت گزار کر ان کو دینی و دنیاوی امور سے آگاہی دے سکتے ہیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ والدین کے پاس اولاد کی تعلیم و تربیت کے لیے وقت ہی نہیں ہے اور اولاد کی بھی دنیاوی تعلیم کی مصروفیات ایسی ہیں کہ ان کے پاس والدین کے لیے وقت نہیں۔ عموماً جب باپ کام کاج سے گھر واپس لوٹتا ہے اس وقت بچے گہری نیند سو چکے ہوتے ہیں اور صبح جب کام کے لیے بیدار ہوتا ہے تو بچے سکول جا چکے ہوتے ہیں۔

سچ بات تو یہ ہے کہ والدین کا اپنی اولاد سے مضبوط تعلق ہونا بے حد ضروری ہے تاکہ وہ اپنی اولاد کی تربیت صحیح نہج پر کر سکیں۔ آج کل والدین کا اولاد کے ساتھ کمزور تعلق اور اپنی ذمہ داری صحیح معنوں میں ادا نہ کرنا بچوں کی بے راہ روی کا سب سے بڑا سبب ہے۔ والدین صرف اسی بات پر خوش ہیں کہ ہم اپنی اولاد کو دنیاوی تعلیم سے

maktabaquadusia.com

قائداعظم کا نام ہی آئے گا۔ (نعوذ باللہ من ذلک)

خدارا! اپنے بچوں کو اسلامی تعلیم و تربیت سے آگاہ کریں۔ کہیں یہ نہ ہو قیامت کے دن ان کے ہاتھ اور ہمارے گریبان ہوں اور یہ اللہ کے ہاں کیس دائر کر رہے ہوں کہ اے اللہ میرے باپ نے مجھے زندگی میں ہر قسم کی آرائش و زیبائش مہیا کی لیکن اسلامی تعلیم و تربیت کے لیے میری رہنمائی نہیں کی۔ اللہ میرے دین سے دوری کا سبب میرا باپ ہے اللہ اس کو بھی پکڑ لے۔

موجودہ دور میں ہر کوئی دنیاوی مال و دولت کے حصول کے لیے دن رات ایک کیے ہوئے ہے۔ اور ہر کام میں شارٹ کٹ کی تلاش میں رہتا ہے بڑی بڑی کتابیں اور لمبے چوڑے لیکچر سننے کا اس کے پاس وقت نہیں یہی معاملہ اسلامی تعلیم و تربیت کے بارہ میں ہے۔ لوگ اس میں بھی شارٹ کٹ تلاش کرتے ہیں۔ معاملے کی حساسیت کے پیشِ نظر میں نے بچوں کی اسلامی تعلیم و تربیت کے لیے مختصر انداز میں اسلام کی بنیادی تعلیمات کے متعلق چند اہم موضوعات (اللہ تعالیٰ کا تعارف، عقیدہ، ارکان اسلام، سیرت، عقیدہ ختم نبوت، قرآن کریم، جہاد، اخلاقیات وغیرہ) پر بہت ساری معلومات اس کتابچے میں جمع کی ہیں، دلچسپی پیدا کرنے کے لیے ان کو سوال و جواب کی شکل دی ہے تاکہ کتاب کو پڑھنے والے اکتاہٹ کا شکار نہ ہوں اور مزید یہ بھی کہ بچوں میں مقابلے کی فضا پیدا ہو۔ بظاہر یہ چھوٹا سا کتابچہ ہے لیکن بچوں اور بڑوں کے لیے معلومات کا بہت اہم اور قیمتی خزانہ ہے۔

آخر میں میں اس کتابچے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے میری رہنمائی

maktabahquddusia.com

ایمانیات

سوال: لفظ اللہ کا معنیٰ کیا ہے؟

جواب: حقیقی معبود (عبادت کے لائق)۔

سوال: ہمیں کس نے پیدا کیا؟

جواب: ہمیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا۔

سوال: اللہ تعالیٰ کی عظمت اور شان کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ اکیلا دنیا و آخرت کا نظام چلانے والا ہے وہ کسی کا محتاج نہیں بلکہ ساری مخلوق اس کی محتاج ہے اس نے کسی کو جنا نہیں اور نہ وہ خود جنا گیا ہے اور اس کی ذات، صفات اور افعال میں کوئی برابر نہیں۔

سوال: رب کے کیا معنیٰ ہیں؟

جواب: رب کا معنیٰ مالک، معبود اور تصرّف کرنے والا اور وہی عبادت کا مستحق ہے۔

سوال: زمین و آسمان کی بادشاہت کس کے پاس ہے؟

جواب: زمین و آسمان کی بادشاہت اللہ خالق و مالک کے پاس ہے۔

سوال: کیا اللہ تعالیٰ کی بادشاہت میں کسی کو کوئی اختیار ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی بادشاہت میں کسی کو کوئی اختیار نہیں ہے، وہ ہی مختارِ کل ہے۔

سوال: اللہ تعالیٰ کہاں ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ آسمان کے اوپر عرش پر مستوی ہے، وہ کیسے ہے جیسے اس کی ذات کے لائق ہے۔

سوال: کیا اللہ تعالیٰ ہر جگہ موجود ہے؟

maktabaquddusia.com

جواب: اللہ تعالیٰ۔

سوال: اللہ تعالیٰ جب کسی کام کا ارادہ کرتے ہیں تو کیا کہتے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ جب کسی کام کا ارادہ کرتے ہیں تو کہتے ہیں "کُن" (ہو جا) تو وہ ہو جاتا ہے۔

سوال: ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْم کا معنی کیا ہے؟

جواب: وہ (اللہ تعالیٰ) ہمیشہ سے زندہ ہے اور کائنات کی ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے۔

سوال: وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا کا مطلب کیا ہے؟

جواب: کائنات کا انتظام اور اس کی حفاظت اللہ تعالیٰ کو تھکاتی نہیں ہے۔

سوال: کیا اللہ تعالیٰ کو نیند یا اُونگھ آتی ہے؟

جواب: بالکل نہیں اللہ تعالیٰ کو نہ نیند آتی ہے اور نہ اونگھ۔

سوال: کیا اللہ تعالیٰ لوگوں کے اعمال سے باخبر ہے؟

جواب: لوگ جو کام بھی کرتے ہیں وہ پوشیدہ ہوں یا ظاہر اللہ تعالیٰ ان سے باخبر ہے۔

سوال: کیا اللہ تعالیٰ لوگوں کے حالات سے واقف ہے؟

جواب: جی ہاں! اللہ تعالیٰ سب لوگوں کے اگلے پچھلے، ماضی اور مستقبل کے سب حالات سے پوری طرح واقف ہے۔

سوال: اللہ تعالیٰ کے ہاں سفارش کرنے کی کیا قید ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کے ہاں اجازت کے بغیر سفارش کرنے کی قطعاً اجازت نہیں ہے۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو کتنے دنوں میں بنایا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو چھ دنوں میں بنایا۔

maktabaquddusia.com